www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور تھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

روزنامہ ABC Certified پاکستان بلیٹن کراچی

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 11 | ہفتہ 28 مارچ 2026ء بمطابق 08 شوال 1447ھ | شمارہ 242 | قیمت 10 روپے

ٹرمپ کا ایران کی توانائی تنصیبات پر حملے مزید 10 روز تک روکنے کا اعلان

ایران کے ساتھ مذاکرات بہت اچھے انداز میں جاری ہیں، کارروائی ملتوی ہوگئی، اس اقدام کی درخواست تہران نے کی ہے

یہ ایران کی ذمے داری ہے کہ وہ انہیں جنگ بند کرنے پر قائل کرے، مجھے فکر نہیں ہے کہ ڈیل ہوتی ہے یا نہیں، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ

اگلے مرحلے میں پینٹاگون نے ایسے منصوبے تیار کیے جن کے تحت ایران کے اندر اہم اہداف پر قبضے کیلئے مبینہ افواج تعینات کی جاسکتی ہیں، امریکی حکام

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے توانائی کے اہداف پر حملوں کی تاریخ میں ایک بار پھر توسیع کردی ہے۔ خبر ایجنسی کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کی توانائی تنصیبات پر حملوں کو 10 دن کیلئے روک رہے ہیں، اب یہ کارروائی 6 اپریل تک ملتوی ہو گئی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس اقدام کی درخواست تہران نے کی ہے، ایران کے ساتھ مذاکرات بہت اچھے انداز میں جاری ہیں، کارروائی ملتوی ہوگئی، اس اقدام کی درخواست تہران نے کی ہے کہ وہ انہیں جنگ بند کرنے پر قائل کرے، مجھے فکر نہیں ہے کہ ڈیل ہوتی ہے یا نہیں، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ یہ ایران کی ذمے داری ہے کہ وہ انہیں جنگ بند کرنے پر قائل کرے، مجھے فکر نہیں ہے کہ ڈیل ہوتی ہے یا نہیں، میڈیا رپورٹ کے مطابق ٹرمپ انتظامیہ ایران کے خلاف جنگ میں ٹماہاں ..... بقیہ صفحہ 3 و نمبر 30

وزیراعظم کا عالمی قیمتیں بڑھنے کے باوجود پیٹرول مہنگا نہ کرنے کا اعلان

شروع ہونے والے ہفتے میں پیٹرول فی لیٹر 95 روپے، ڈیزل پر 203 روپے اضافہ کرنے کی تجویز دی گئی ہے تاہم عوامی مشکلات کے پیش نظر ان تجاویز کو مسترد کردیا، شہباز شریف

حکومت جامع منصوبہ بنا رہی ہے عوام کو تعاون کرنا ہوگا، قیمتوں میں اضافے کو مسترد کرنے کے بعد اس کا حجم 56 ارب روپے بنتا ہے اور حکومت یہ اضافی بوجھ خود اٹھائے گی، وزیراعظم

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے ایک بار پھر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کی سمری کو مسترد کرتے ہوئے قیمتیں برقرار رکھنے کا اعلان کردیا۔ وزیراعظم نے قوم سے کیے گئے خطاب میں کہا کہ آج سے شروع ہونے والے ہفتے میں پیٹرول فی لیٹر 95 روپے اور ڈیزل پر 203 روپے اضافہ کرنے کی تجویز دی گئی ہے تاہم عوامی مشکلات کے پیش نظر ان تجاویز کو مسترد کردیا اور یہ بوجھ وفاقی حکومت نے ایک بار پھر خود اٹھانے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ قیمتوں میں اضافے کو مسترد کرنے کے بعد اس کا حجم 56 ارب روپے بنتا ہے اور حکومت یہ اضافی بوجھ خود اٹھائے گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ عالمی منڈی کے حساب سے پاکستان میں پیٹرول 544 روپے فی لیٹر ہونا چاہیے تاہم گزشتہ 322 روپے میں دیا جارہا ہے، ڈیزل کی قیمت 790 روپے فی لیٹر ہونی تھی مگر حکومت نے ریلیف دیا اور 335 روپے میں فراہم کررہی ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ عین ممکن ہے کہ آئندہ ہفتوں کے دوران قیمتیں مزید بڑھ جائیں، ایسی صورت میں ہم عوام کو ریلیف دینا جاری رکھیں گے، ہم عوام کا معاشی تحفظ سب سے زیادہ عزیز ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ قوم مشکل وقت میں کفایت شعاری اور سادگی کو اپنائے۔ بقیہ صفحہ 3 و نمبر 37

سیاسی قیادت

جی ایس پی پلس اسٹیٹس ختم کروانے کی کوشش معاشی تخریب کاری ہے

ایک جماعت اپنے سیاسی مفاد کی خاطر ملک دشمن عناصر کے ساتھ مل کر سازشوں میں مصروف ہے، ملک کو نقصان پہنچانے کیلئے ہر حربہ اختیار کیا

سیاسی مخالفت میں ملک کی تضحیک ناقابل برداشت ہے، پی ٹی آئی عارف اجاکیہ کے ساتھ مل کر ملک کے خلاف سازشوں میں مصروف ہے

جی ایس پی پلس جیسے حساس معاملے پر غیر سنجیدہ گفتگو قومی مفاد کے خلاف ہے، ایسے بیانات سے پاکستان کی برآمدات اور عالمی ساکھ متاثر ہوسکتی ہے

پی ٹی آئی کی خود غرض، ریاست مخالف کوشش ہے جو صرف ایک سزا یافتہ شخص کو جیل سے باہر نکالنے کے لیے پتنگ سے ٹکرا رہی ہے، بیان

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پاکستان کی سیاسی قیادت نے جی ایس پی پلس اسٹیٹس ختم کروانے کی کوشش کو کھلی سیاسی تخریب کاری قرار دے دیا۔ وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ایک جماعت اپنے سیاسی مفاد کی خاطر ملک دشمن عناصر کے ساتھ مل کر سازشوں میں مصروف ہے، پی ٹی آئی نے اپنے چار سالہ اقتدار میں ملک کو نقصان پہنچانے کیلئے ہر حربہ اختیار کیا، نجیل گیلانی نے کہا کہ عمران خان کا پتنگ اڑانے والا پی ٹی آئی عارف اجاکیہ کے ساتھ مل کر ملک کے خلاف سازشوں میں مصروف ہے، پی ٹی آئی کی خود غرض، ریاست مخالف کوشش ہے جو صرف ایک سزا یافتہ شخص کو جیل سے باہر نکالنے کے لیے پتنگ سے ٹکرا رہی ہے، بیان کرنے کے لیے پاکستان تحریک کا رخ کرنا ہوگا، پی ٹی آئی کے لوگوں میں پتلی سیمی نہاری ہے، یہ پی ٹی آئی کی خود غرض، ریاست مخالف کوشش ہے جو صرف ایک سزا یافتہ شخص کو جیل ..... بقیہ صفحہ 3 و نمبر 26

فیڈرل پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات و نشریات، بیرسٹر ابیل چوہدری میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

وفاقی وزیر خزانہ پیٹرولیم قیمتوں اور جی سیڈی اصلاحات پر مشاورتی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ثالث ممالک ایران کیساتھ پیغامات کا تبادلہ کررہے ہیں، مارکو روبیو

آبنائے ہرمز فری طور پر کھل سکتی ہے اگر ایران عالمی بحری جہاز رانی کو دھمکانا بند کردے

جو ممالک بین الاقوامی قوانین کی پاسداری کے دعویدار ہیں، انہیں اقدامات کرنے چاہئیں

واشنگٹن (ویب ڈیسک) امریکا کے وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز سے تجارتی راستے کی ازسرنو تشکیل میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے، اگرچہ یہ مقدار اب بھی معمول سے کم ہے۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر خارجہ نے کہا کہ آبنائے ہرمز سے تجارتی راستے کی ازسرنو تشکیل میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے، اگرچہ یہ مقدار اب بھی معمول سے کم ہے۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر خارجہ نے بتایا کہ مختلف ثالث ممالک ایران کے ساتھ ..... بقیہ صفحہ 3 و نمبر 39

پاسداران انقلاب کی خلیج میں امریکی فوجی مراکز کو نشانہ بنانے کی دھمکی

یورپ امریکی اور صیہونی افواج، اپنے فوجی اڈوں کا دفاع کرنے کی ہمت اور صلاحیت نہیں ہے

امریکی اور اسرائیلی دہشت گرد ہر جہاں ملے انہیں ختم کرنا ہمارا فرض ہے، پاسداران انقلاب

تہران (ویب ڈیسک) ایران کی پاسداران انقلاب نے خلیج میں موجود امریکی اور اسرائیلی اہداف کو نشانہ بنانے کی دھمکی دیتے ہوئے تمام ممالک کے عوام کو امریکی فوجی مراکز سے دور رہنے کی ہدایت جاری کردی ہے۔ ایرانی سرکاری خبر ایجنسی کی رپورٹ کے مطابق ..... بقیہ صفحہ 3 و نمبر 32

پرامن تحریک جلد ہمیں کامرانی کی طرف لے جائیگی، سلمان اکرم راجہ

پشاور (ویب ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف کے سیکریٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ ہمارے لوگوں میں آزادی کی تمنا ہے، قاسم خان سے منسوب جھوٹی باتیں ..... بقیہ صفحہ 45

خدوم محبوب الزمان، صوبائی وزیر آبپاشی جام خان شورو پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سہیل آفریدی نے رہائی تحریک کی رجسٹریشن کا آغاز کردیا

پشاور (ویب ڈیسک) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ رہائی تحریک کی رجسٹریشن کا آغاز آج سے ہوگیا، خیبر پختونخوا کے دارالحکومت پشاور میں تقریب سے ..... بقیہ صفحہ 46

مشرق وسطیٰ کشیدگی: ایل پی جی گیس کی قیمت 400 روپے ہوگئی

موجودہ صورتحال میں گیس مزید مہنگی ہونے کا خدشہ ہے، ڈیلرز نے خبردار کردیا

کراچی (ویب ڈیسک) مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کی وجہ سے ایل پی جی گیس کا بحران شدت اختیار کرگیا، ملتان میں پچاس روپے اضافے کے بعد ایل پی جی کی قیمت 400 روپے ہوگئی، دکانداروں کا کہنا ہے کہ درآمدی قیمتوں میں اضافے اور سپلائی میں کمی کے باعث نرخ بڑھانا ..... بقیہ صفحہ 3 و نمبر 29

گیس جس کے اثرات شیریں پور پر پڑنے لگے ہیں، ملتان میں 50 روپے اضافے کے بعد ایل پی جی کی قیمت 400 روپے ہوگئی، دکانداروں کا کہنا ہے کہ درآمدی قیمتوں میں اضافے اور سپلائی میں کمی کے باعث نرخ بڑھانا ..... بقیہ صفحہ 3 و نمبر 29

ٹرمپ کا جنگ بندی منصوبہ، ایران نے تجاویز کو غیر منصفانہ قرار دیدیا

منصوبہ زیادہ تر امریکی اور اسرائیلی مفادات کے مطابق ترتیب دیا گیا ہے

تہران (ویب ڈیسک) ایران نے امریکا کی جانب سے پیش کی گئی 15 نکاتی تجاویز پر باضابطہ جواب دے دیا ہے اور اب واشنگٹن کے ردعمل کا انتظار کیا جارہا ہے۔ برطانوی خبر رساں ایجنسی کے مطابق ایرانی حکام کا کہنا ہے کہ مجوزہ جنگ بندی منصوبہ یک طرفہ اور غیر منصفانہ ہے، جو زیادہ تر امریکی اور اسرائیلی مفادات کے مطابق ترتیب دیا گیا ہے۔ ایرانی عہدیدار کے مطابق وہ تجاویز پاکستان کے ذریعے تہران تک پہنچائی گئیں، جن کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد ایران ..... بقیہ صفحہ 3 و نمبر 38

پاکستانی بندرگاہوں پر سرگرمیوں میں تاریخی اضافہ ریکارڈ

کراچی پورٹ پر ٹرانس شپمنٹ میں زبردست اضافہ ہوا جو پورے سال کے برابر ہے

کراچی (ویب ڈیسک) بدلتے عالمی منظر نامے میں محفوظ و مضبوط پاکستان، سرمایہ کاری اور عالمی تجارت کیلئے پرکشش منزل بننے لگا ہے۔ نیف سیکیورٹی اسسٹانس کے مطابق گزشتہ 24 ماہ میں کراچی پورٹ پر ٹرانس شپمنٹ میں زبردست اضافہ ہوا جو پورٹ سمیت پاکستانی بندرگاہوں پر سرگرمیوں میں تاریخی اضافہ دیکھا گیا۔ دی پاکستان انٹیلی جنس کے مطابق گزشتہ 24 ماہ میں کراچی پورٹ پر ٹرانس شپمنٹ میں زبردست اضافہ ہوا جو پورٹ سمیت پاکستانی بندرگاہوں پر سرگرمیوں میں تاریخی اضافہ دیکھا گیا۔ بقیہ صفحہ 3 و نمبر 36

سندھ میں 10 لاکھ میٹرک ٹن گندم خریداری کا اعلان

سندھ حکومت نے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے رمضان المبارک میں 84 ارب روپے کی سبسڈی دی ہے

گندم خریداری کا عمل یکم اپریل سے صوبے بھر میں قائم 109 خریداری مراکز سے شروع کیا جائیگا، پریس کانفرنس

سندھ میں سالانہ تقریباً 43 لاکھ ٹن گندم پیدا ہوتی ہے، مخدوم محبوب الزمان، صوبائی وزیر آبپاشی جام خان شورو

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ کابینہ کی سب کمیٹی برائے گندم پالیسی کے اراکین صوبائی وزیر خوراک مخدوم محبوب الزمان، صوبائی وزیر آبپاشی جام خان شورو، صوبائی وزیر ایکسائز، ٹیکسیشن، کمار چاولا اور مشیر بھائی گیان چند اسرانی نے مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے صوبے میں گندم خریداری کی جامع اور شفاف حکمت عملی کا اعلان کیا۔ صوبائی وزیر خوراک مخدوم محبوب ..... بقیہ صفحہ 3 و نمبر 35

گورنر سندھ نے تھیٹر کو سماجی اصلاح کیلئے ایک طاقتور محرک قرار دیدیا

تھیٹر کی پرفارمنس قوم کی طاقت، امن، محبت اور ہم آہنگی کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتی ہے

فنون میں ان کی خدمات اعتراف کی مستحق ہیں، گورنر کا ڈنکا کے فنکاروں اور تھیٹر کے کارکنوں کو خراج تحسین

کراچی (ویب ڈیسک) گورنر سندھ سید کامران ٹیسوری نے آج عالمی یوم تھیٹر کے موقع پر اپنے پیغام میں تھیٹر کو سماجی اصلاح کا ایک معزز ذریعہ اور معاشرے کا آئینہ قرار دیا۔ گورنر نے کہا کہ تھیٹر کی پرفارمنس قوم کی طاقت ..... بقیہ صفحہ 3 و نمبر 28

اور معاشرتی مسائل کو اجاگر کرنے کا شعبہ تھیٹر ہے، یہ ایک ایسا میڈیم ہے جو ہمیں ہمارے ماضی سے جوڑتا ہے اور ہمیں ایک بہتر مستقبل کی راہ دکھاتا ہے۔ گورنر نے کہا کہ تھیٹر کی ترقی کے بغیر کسی بھی معاشرے کی ترقی ادھوری ہے۔ گورنر نے کہا کہ تھیٹر کے فنکار ہمارے ثقافتی سفیر ہیں، وہ اپنے فن کے ذریعے پاکستان کا مثبت چہرہ دنیا کے سامنے پیش کرتے ہیں۔ گورنر نے کہا کہ تھیٹر کے فنکاروں کی فلاح و بہبود کے لیے ہر ممکن تعاون کیا جائے گا۔ گورنر نے کہا کہ تھیٹر کے فنکاروں کی فلاح و بہبود کے لیے ہر ممکن تعاون کیا جائے گا۔ بقیہ صفحہ 3 و نمبر 28

سینیٹ کمیٹی سے پاس

کسی بھی مشکوک شخص کا شناختی کارڈ 10 دن کے لیے بلاک کیا جاسکے گا

اب بل سینیٹ کے آئندہ اجلاس میں پیش کیا جائے گا، سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کے اجلاس میں اہم حکومتی بل کی منظوری دے دی گئی

قانون نہ ہونے کی وجہ سے نادرا کو سنگین آپریشنل رکاوٹوں کا سامنا ہے، جرائم پیشہ افراد قانونی کارروائی سے بچنے کے لیے بہانے بناتے ہیں

اسلام آباد (ویب ڈیسک) نادرا کسی بھی مشکوک شخص کا شناختی کارڈ 60 دن کے لیے بلاک کرسکے گی، وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے مجلس شوریٰ کے اجلاس میں اہم حکومتی بل کی منظوری دے دی گئی۔ بل سینیٹ کمیٹی برائے داخلہ نے پاس کردیا، کمیٹی سے منظوری کے بعد اب بل سینیٹ کے آئندہ اجلاس میں پیش کیا جائے گا۔ وزارت داخلہ کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ شناختی کارڈ حساس اور بیشتر سنگین نوعیت کے جرائم میں استعمال ہوتا ہے، قانون نہ ہونے کی وجہ سے نادرا کو سنگین آپریشنل رکاوٹوں کا سامنا ہے، جرائم پیشہ افراد قانونی کارروائی سے بچنے کے لیے بہانے بناتے ہیں۔ وزارت داخلہ کے مطابق اتھارٹی کو مقصد دینے کے بجائے ..... بقیہ صفحہ 3 و نمبر 34

متای حکومت کا گھگر کراچی میں ایم اے جناح روڈ پر جیتوی سے تعمیراتی کاموں کی نگرانی کر رہا ہے

جی ایس پی پلس پر بیان بازی ناقابل قبول ہے، شرجیل میمن

یہ کہنا کہ جی ایس پی پلس کے خلاف کوئی بات نہیں کی گئی، حقیقت کے منافی ہے، پی ٹی آئی کا بنیادی مسئلہ جھوٹ بولنا اور اسے مسلسل دہراتے رہنا ہے

مخصوص حلقے اپنی ذاتی و سیاسی مفادات کے لیے پاکستان کی عالمی ساکھ کو نقصان پہنچانے سے بھی گریز نہیں کررہے، سینئر صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سینئر صوبائی وزیر سندھ شرجیل انعام میمن نے جی ایس پی پلس سے متعلق پی ٹی آئی کے حالیہ بیانات کے بیان کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے قومی مفاد کے خلاف خطرناک قرار دیا ہے۔ شرجیل میمن نے کہا کہ جی ایس پی پلس کے خلاف بیان بازی کسی صورت قابل قبول نہیں اور اس طرح کے بیانات درحقیقت ملک کے مفادات کو نقصان پہنچانے کی کوشش ہیں۔ شرجیل میمن نے کہا کہ جی ایس پی پلس اسٹیٹس ملک کے روزگار سے براہ راست جڑا ہوا ہے، ایسے حساس معاملے پر سیاسی مقاصد کے تحت بات کرنا انتہائی غیر ذمے دارانہ رہتا ہے۔ انہوں ..... بقیہ صفحہ 3 و نمبر 31

پاکستان کو معاشی سہارا فراہم کرتا ہے بلکہ لاکھوں افراد کے روزگار کا بنیادی مسئلہ جھوٹ بولنا اور اسے مسلسل دہراتے رہنا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی کا بنیادی مسئلہ جھوٹ بولنا اور اسے مسلسل دہراتے رہنا ہے۔ انہوں ..... بقیہ صفحہ 3 و نمبر 31

سندھ کے وزیر اعلیٰ سید مراد علی شاہ سے امریکی قونصل جنرل ملاقات کر رہے ہیں

اسحاق ڈار کی چین کے وزیر خارجہ سے ٹیلیفونک گفتگو

اسلام آباد (ویب ڈیسک) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ انہوں نے آج سفارتی اتاشی کی صورتحال پر چین کے وزیر خارجہ اور کمیونسٹ پارٹی آف چائنا کی مرکزی کمیٹی کے پولیٹکل بیورو کے رکن ..... بقیہ صفحہ 3 و نمبر 27

وزیراعظم اور کویت کے ولی عہد کے درمیان ٹیلی فونک رابطہ

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف کو آج کویت کے ولی عہد عزت مآب شیخ صباح الخالد الحمد الصباح نے ٹیلی فون کیا۔ یہ جوش اور خوشگوار گفتگو کے دوران ..... بقیہ صفحہ 3 و نمبر 25

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
ABC Certified
چیف ایڈیٹر: سراج احمد | منیجنگ ایڈیٹر: کاشف مصطفیٰ
پبلشر محمد حنیف نے آلآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42، فجر فلور، ہنڈی کرافٹ بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
021-35210448 | 021-35210448
021-36450295
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

صدر ٹرمپ کے مشیر کا بھی جنگ بندی کا مشورہ

امریکا اور اسرائیل کی جانب سے ایران کے خلاف فوجی کارروائیاں جاری ہیں۔ امریکی ٹی وی نیٹ ورک بمبار طیاروں نے بھی حملوں کے لیے اپنے مشن کا آغاز کر دیا ہے۔ امریکی سنٹرل کمانڈ کے مطابق، ان حملوں کا مقصد ایران کے دوہارہ عسکری طاقت حاصل کرنے کی صلاحیت کو محدود کرنا ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کی فوج اور حکومت سے وابستہ عناصر کو خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ ہتھیار ڈال دیں اور اپنے ملک کو مزید تباہی سے بچائیں۔ دوسری جانب، ایران نے سعودی عرب میں واقع پرنس سلطان ایئربیس کو میزائلوں سے نشانہ بنایا۔ اسی دوران وائٹ ہاؤس کے ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت کے مشیر ڈیوڈ سیکس نے صدر ٹرمپ کو مشورہ دیا ہے کہ امریکا کو ایران کے میزائلوں کو کامیابی قرار دے کر ایران سے نکل جانا چاہیے۔ صدر ٹرمپ اس مشورے پر فی الحال کان دھرتے نظر نہیں آتے۔ روس کی جانب سے یہ پیشکش بھی سامنے آئی تھی کہ ایران میں موجود افزودہ یورینیم کو روس منتقل کر دیا جائے لیکن صدر ٹرمپ نے اس تجویز کو بھی مسترد کر دیا۔ ادھر، عالمی میڈیا کی بعض رپورٹس کے مطابق، امریکا وہ ہفتوں کی کارروائیوں کے باوجود صورحال پر مکمل کنٹرول حاصل کرنے میں کامیاب نہیں ہو سکا جبکہ ایران کی دفاعی حکمت عملی نے قیادت کے نقصان پہنچنے کے باوجود اپنے فوجی نظام کو فعال رکھا ہے۔ علاوہ ازیں، اس صورتحال میں کئی عالمی اداروں کا دوہرا معیار سامنے آیا ہے، جیسے یہ مین راٹس واچ کی طرف سے کہا گیا ہے کہ امریکا کا ایرانی اسکول پر حملہ، جنگی قوانین کی خلاف ورزی ہے اور اسے محض غلطی قرار دے کر نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ ان حالات میں مغربی میڈیا اور ادارے ایک بار پھر بے نقاب ہو رہے ہیں۔ یہ ان کا منافقانہ طرز عمل ہے کہ جہاں اسرائیل یا امریکا کی جانب سے دہشت گردی ہوتی ہے وہاں نہ تو اسے دہشت گردی کہا جاتا ہے اور نہ ہی کھل کر یہ تسلیم کیا جاتا ہے کہ ان واقعات کے نتیجے میں انسانی المیہ جنم لے رہا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ امریکا کی طرف سے سکول پر کی گئی بمباری واضح طور پر جنگی جرم ہے جس پر مغربی میڈیا اور بعض ادارے مخصوص الفاظ اور اصطلاحات کے ذریعے پردہ ڈالنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ مشرق وسطیٰ میں جاری جنگ کی وجہ سے دنیا جاتی کی طرف بڑھ رہی ہے، اس جنگ کو رکوانے کے لیے موثر عالمی اداروں اور بڑی قوتوں کو بلا تاخیر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

برصغیر کے عظیم مفکر اور شاعر مشرق علامہ محمد اقبال نے ایک صدی قبل عالم اسلام کے لیے جو فکری پیغام دیا تھا اس کا نچوڑ ان کے اس شہرہ آفاق شعر میں سمٹ آتا ہے:

ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کے لیے
نیل کے ساحل سے لے کر تابخاکِ کاشغر

یہ محض ایک شعر نہیں بلکہ امتِ مسلمہ کے لیے ایک سیاسی، تہذیبی اور فکری نظریہ ہے۔ اقبال کا یہ پیغام ان حقیقت کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ اگر مسلمان جغرافیائی سرحدوں، نسلی تعصبات اور سیاسی اختلافات سے بالند ہو کر اپنے مشترکہ مفادات اور مقدسات کے تحفظ کے لیے متحد ہو جائیں تو وہ دنیا کی سیاست میں ایک باوقار اور موثر کردار ادا کر سکتے ہیں۔ آج دہشت گردی، مالی بحران اور عالمی سطح پر کمزوری اور حالیہ دنوں میں ایران کے خلاف جارحیت نے پورے خطے کو اضطراب میں مبتلا کر دیا ہے تو اقبال کا یہی پیغام پہلے سے کہیں زیادہ اہمیت اختیار کر گیا ہے۔

ایران کے خلاف جارحیت اور خطے کی حالیہ کشیدگی کی صورتحال دراصل اوپر بیان کردہ جغرافیائی سیاست کا حصہ دکھائی دیتی ہے۔ اسرائیل اور امریکا کی جانب سے ایران پر بڑھتا ہوا دباؤ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب غزہ اور فلسطین پہلے ہی ایک بڑے بلیک فارم پر جمع ہو چکے ہیں کہ عالمی سطح پر عالم اسلام کو مشترکہ طور پر کوئی ردعمل یا مؤثر مزاحمت دیکھنے کو نہیں ملی۔ یہی وہ حالات ہیں جن میں امتِ مسلمہ کے اتحاد کی اہمیت اور بڑھ جاتی ہے۔ اگر مسلم ممالک اپنے اختلافات کو ایک طرف رکھ کر مشترکہ مفادات کے لیے ایک پلیٹ فارم پر جمع ہو جائیں تو وہ نہ صرف بیرونی دباؤ کا مقابلہ کر سکتے ہیں بلکہ عالمی سطح پر توازن قوت کے طور پر بھی ابھر سکتے ہیں۔

پاکستان خود بھی بیرونی دباؤ اور داخلی چیلنجز کا سامنا کرنے والی ریاست ہے۔ ایک طرف بھارت کے ساتھ مسلسل کشیدگی اور سرحدی تنازعات ہیں جبکہ دوسری طرف افغانستان کی سرزمین سے جنم لینے والی دہشت گردی کے خطرات بھی موجود ہیں۔ داخلی سطح پر بھی ریاست کو سیاسی دباؤ کے ساتھ ساتھ دہشت گردی کے خطرات کا بھی سامنا ہے۔ ایسے حالات میں پاکستان کے لیے ایک متوازن خارجہ پالیسی اپنانا بہت ضروری ہے۔ پاکستان کو ایک طرف اپنے قومی مفادات کا تحفظ کرنا ہے تو دوسری طرف امتِ مسلمہ کے ساتھ اپنے تاریخی اور مذہبی رشتوں کو بھی مضبوط بنانا ہے۔ یہ ایک نازک توازن ہے جس کے لیے بہت سوچ سمجھ کر فیصلے کرنے کی ضرورت ہے۔

پاکستان خود بھی دہشت گردی کی شکل دے رہے ہے۔ ایسے حالات میں پاکستان نے ایک نہایت متحد اور متوازن سفارتی حکمت عملی اختیار کی ہے۔ اقوام متحدہ میں ایران پر حملوں کے خلاف پیش کی گئی قرارداد کے حق میں ووٹ دے کر پاکستان نے جنگ کے خاتمے اور امن کے قیام کی حمایت کی جبکہ خلیجی ممالک پر حملوں کی مذمت کرنے والی قرارداد کی حمایت کر کے یہ واضح کیا کہ وہ کسی ایک فریق کے بجائے پورے خطے میں استحکام کا خواہاں ہے۔

سعودی عرب کے ساتھ دفاعی تعلقات اور سفارتی توازن کی اہمیت بھی اس صورتحال میں نمایاں ہو جاتی ہے۔ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان طویل عرصے سے دفاعی تعاون موجود ہے اور دونوں ممالک کے تعلقات استحکام، تجارت اور علاقائی سلامتی کے تقاضوں کو بھی مدنظر رکھتا ہے۔

عالمی برادری کے درمیان پاکستان کا متوازن کردار اس بحران میں خاص طور پر نمایاں ہوا ہے۔ عالمی سیاست اس وقت مختلف طاقتوں کے بلاکس میں تقسیم ہو چکی ہے۔ ایک طرف مغربی اتحاد ہے جس کی قیادت امریکا کر رہا ہے جبکہ دوسری طرف روس اور چین جیسے ممالک عالمی توازن کو بدلنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ایسے ماحول میں پاکستان نے ایک نہایت متاط اور متوازن سفارتی حکمت عملی اختیار کی ہے۔ پاکستان کی کوشش ہے کہ وہ کسی ایک فریق کے کیمپ میں جانے کے بجائے ہر فورم پر اپنے مفادات کا تحفظ کرے بلکہ امتِ مسلمہ کے وسیع تر مفادات کے لیے بھی آواز اٹھائے۔ یہ توازن ہی پاکستان کو اس وقت عالمی سطح پر ایک اہم کردار ادا کرنے کے قابل بناتا ہے۔

عالمی سطح پر پاکستان کا تاریخی کردار

یہ حقیقت بھی قابل غور رکھنی چاہیے کہ ہر قوم کی ایک تاریخ، ایک تہذیب اور ایک ثقافت ہوتی ہے۔ ہر ریاست کو اپنے ان تمام عناصر کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی خارجہ پالیسی ترتیب دینی ہوتی ہے۔ ہمارے ملک کی ایک تاریخ ہے، ایک تہذیب ہے، ایک ثقافت ہے،

01
بقیہ نمبر
8
سے شائع ہوگا اور ملا ہوا ہے، بی ایس پی پاس سٹیشن کیلئے سب نے مل کر کام کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا بی ایس پی پاس سٹیشن پورے ملک میں ہر جگہ ہونا چاہیے، اس پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوسکتا۔ انہوں نے کہا کہ ایسا کوئی پاکستان مطالبہ کرتی ہے تو پیٹرولیم کی اعلیٰ قیادت اپنے صوبائی وزیر کے اس اقتدام کھڑے اور ہمارے ساتھ کھڑی ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے ایسا کرکے دکھایا ہے، ہم نے ایسا کرکے دکھایا ہے اور ہم یہ کام کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم ملک سے اور ملک ہمارے لئے

امتحانات میں نقل کی روک تھام، جدید واٹر مارکنگ سسٹم نافذ کرنے کا فیصلہ

امتحانات کے شفاف اور بروقت انعقاد کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں اور کسی بھی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی

امتحانی مراکز اور ٹیکنیکلز ٹیموں کی نگرانی کے لیے سیکریٹری بورڈز کے دفتر میں صوبائی سطح پر شکایتی سیل قائم کیا جائے گا، صوبائی وزیر اسماعیل راہو

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ حکومت نے امتحانات میں نقل کی روک تھام کے لیے جدید واٹر مارکنگ سسٹم نافذ کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے، جس کے ذریعے ہیچ آؤٹ کرنے والوں کا فوری سراغ لگایا جاسکے گا۔ یہ بات وزیر جامعات وتکنیکی بورڈز سندھ محمد اسماعیل راہو نے تعلیمی سال کے امتحانات کی تیاریوں سے متعلق سیکریٹری جامعات کے دفتر میں ہونے والے اہم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں سیکریٹری جامعات محمد عباس بلوچ سمیت متعدد کے تمام تعلیمی بورڈز کے چیئرمینز نے شرکت کی۔ اجلاس میں امتحانی مراکز کی نگرانی، فرنیچر، پینے کے پانی، بجلی کی فراہمی اور نقل کی روک تھام سمیت دیگر سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، جبکہ امتحانی مواد کی خریداری، ہینڈ رائٹر اور پیپر سے متعلق طلبی بورڈز کے ذمہ داران سے بھی تفصیلی بریفنگ لی گئی۔ صوبائی وزیر محمد اسماعیل راہو نے تمام بورڈز چیئرمینز کو ہدایت دی کہ امتحانات کے شفاف اور بروقت انعقاد کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں اور کسی بھی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 7

نئے صوبے بننے کی ضرورت ہے، پی ٹی آئی کا سڑکوں پر نکلنے کا دور ختم ہوچکا، شیر افضل مروت

ملتان (ویب ڈیسک) رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے کہا کہ وزیراعلیٰ خیبر کے دوران پختونخوا اسمبلی آفیشلز کی سارے گھنے اپنے پاس رکھے ہوئے ہیں۔انہوں ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 8

ارتھ آور: پنجاب میں ایک گھنٹے کیلئے لائٹس آف مہم چلانے کا اعلان

لاہور (ویب ڈیسک) ارتھ آور کے سلسلے میں حکومت پنجاب نے صوبہ بھر میں ایک گھنٹے کیلئے لائٹس آف مہم چلانے کا اعلان کر دیا گیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ارتھ آور 2026 میں شرکت کی تصدیق کردی، ارتھ ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 43

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی چینی سفارتخانے آمد

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ڈپلومیٹک انکلیو میں چینی سفارت خانے کا دورہ کیا جہاں سفیر جیانگ زیڈونگ نے ان کا استقبال کیا۔ ملاقات کے دوران انسداد دہشت گردی، سیکیورٹی تعاون، پولیس ٹریننگ پروگرامز اور طلبے کی مجموعی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر بات چیت ہوئی۔ دونوں رہنماؤں نے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 42

وزیراعلیٰ سندھ اور وفاقی محتسب اعلیٰ کا صوبے میں عوامی شکایات کے ازالے کے نظام کو مضبوط بنانے پر اتفاق

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے وفاقی محتسب اعلیٰ نوید کامران بلوچ سے وزیراعلیٰ ہاؤس میں ملاقات کی۔ جس کے دوران ہونے والی ملاقات میں عوامی شکایات کے ازالے کے نظام کو مزید مؤثر بنانے اور وفاقی محتسب کے دفاتر اور سندھ حکومت کے درمیان ادارہ جاتی تعاون کو فروغ دینے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعلیٰ سندھ نے نوید کامران بلوچ کو وفاقی محتسب اعلیٰ کا عہدہ سنبھالنے پر ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 44

سندھ کے وزیراعلیٰ سید مراد علی شاہ سے وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ ملاقات کررہے ہیں

سینیٹ سیکریٹریٹ کی کفایت شعاری مہم کامیاب

اسلام آباد (ویب ڈیسک) سینیٹ سیکریٹریٹ نے کفایت شعاری مہم کے تحت اہم اقدام اٹھاتے ہوئے 26 کروڑ 50 لاکھ روپے قومی خزانے میں جمع کروا دیے۔ سینیٹ سیکریٹریٹ کے اعلامیہ کے مطابق یہ فیصلہ چیئرمین ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 41

مشرق وسطیٰ کشیدگی، مہنگائی میں اضافہ ریکارڈ

لاہور (ویب ڈیسک) مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کے پاکستان پر اثرات پڑنے شروع ہوگئے، ایک ہفتے کے دوران مہنگائی میں ایک فیصد تک اضافہ، سالانہ شرح بڑھ کر آٹھ اعشاریہ دو چار فیصد ہوگئی۔ ادارہ شماریات کے مطابق ہفتے پیٹرول ڈیزل سمیت 23 اشیا مہنگی ہوئیں، ایک ہفتے میں 23 اشیائے ضروریہ مہنگی ہوئیں جن میں پیاز، ٹماٹر، آٹا، انڈے اور زندہ مرغی شامل ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 40

جی ایس پی پلس اسٹیٹس برقرار رہنا چاہئے، اس پر سمجھوتا نہیں ہوسکتا، یونائیٹڈ بزنس گروپ

ہم مشکلات کا سامنا کررہے ہیں، معیشت کی بہتری کیلئے کام کررہے ہیں، تجارت کے لئے فری ٹریڈ معاہدے ہونے چاہئیں

جی ایس پی پلس اسٹیٹس 8 ممالک کو ملا ہوا ہے، جی ایس پی پلس اسٹیٹس کیلئے سب نے مل کر کام کیا ہے، سربراہ ایس ایم منور

لاہور (ویب ڈیسک) سربراہ یونائیٹڈ بزنس گروپ ایس ایم منور نے کہا ہے کہ پاکستان کا جی ایس پی پلس اسٹیٹس برقرار رہنا چاہیے، اس پر سمجھوتا نہیں ہوسکتا، لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے سربراہ یونائیٹڈ بزنس گروپ ایس ایم منور نے کہا کہ ہم مشکلات کا سامنا کررہے ہیں، معیشت کی بہتری کیلئے کام کر رہے ہیں، تجارت کے لئے فری ٹریڈ معاہدے ہونے چاہئیں ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 1

تہران میں پاکستانی سفارتخانے کے قریب بمباری، سفیر اور عملہ محفوظ

تہران (ویب ڈیسک) ایران کے دارالحکومت تہران میں پاکستانی سفارتخانے اور سفیر کی رہائشگاہ کے قریب شدید بمباری کی اطلاعات سامنے آئی ہیں تاہم تمام پاکستانی سفارتی عملہ محفوظ رہا ہے۔ سفارتی ذرائع کے مطابق بمباری کا ..... بقیہ صفحہ 10

کراچی میں اے ٹی ایم توڑنے والا ملزم رنگے ہاتھوں پکڑا گیا

ملزم کے کیش باکس تک پہنچنے سے پہلے ہی پولیس نے اسے موقع پر ہی قابو کرلیا

کراچی (ویب ڈیسک) نجی بینک کے اے ٹی ایم کو چھڑوں سے توڑ کر رقم نکالنے کی کوشش کرنے والے ملزم کو رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا گیا، تحصیلات کے مطابق کراچی کے علاقے گلبہار میں پولیس نے ڈرائیو کے دوران ملزم کو گرفتار کیا جبکہ ملزم نے پولیس کو دیکھ کر فائرنگ شروع کردی اور اس نے موقع سے فرار ہونے کی کوشش کی ..... بقیہ صفحہ 2 نمبر 3

پولیس مقابلے میں ہلاک ڈاکوؤں کی ملزمہ سمیت شناخت ہوگئی

کراچی (ویب ڈیسک) شرافہ کالا میں خواجہ غریب گھریلو پولیس کے ہاتھوں ہلاک کراچی سیکٹر 2 الطیبہ اسکول کے قریب مبینہ مقابلے میں مارے جانے والے ڈاکوؤں کو شناخت کرلیا گیا، مقابلے میں پولیس نے ہلاک ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 3

ایس ایچ او گلبہار تھانہ محمد اسحاق کی قیادت میں پولیس ٹیم کی کارروائی

ایس ایچ او گلبہار تھانہ محمد اسحاق کی قیادت میں پولیس ٹیم کی کارروائی

یونیورسٹی روڈ پر ٹریفک سگنل کی دیکھ بھال کا کام کیا جائے، کمشنر کراچی

ٹیکنیکل کمیٹی نے کراچی میں کورٹ روڈ پر ٹریفک سگنل کی دیکھ بھال کا کام کیا

حکومت پہلے اپنے اخراجات کم کرے پھر عوام کو نصیحت کرے، راجا اظہر

وزیراعظم کے 37 گاڑیوں پر مشتمل قافلہ، بجٹ سے حکمرانوں کیلئے کوئی کفایت شعاری نہیں، صدر کراچی

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف کراچی کے صدر راجا اظہر نے وزیراعظم شہباز شریف کے دورہ کراچی پر سخت ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعظم کا عالیہ دورہ کراچی محض زبانی جمع خرچ ہوا ہے جہاں حکمرانوں نے عوامی مسائل کے بجائے سیاسی مفادات کو ترجیح دی۔ انہوں نے کہا کہ 37 گاڑیوں پر مشتمل قافلہ اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ حکمرانوں کیلئے کوئی کفایت شعاری نہیں، بلکہ قربانیاں صرف عوام سے مانگی جارہی ہیں۔ حکومت کی پالیسیاں کھلے تضادات ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 12

جماعت اسلامی

وزیراعظم شہباز پورے ملک میں گھومتے رہے مگر گلہ پلا زہ آنے کی زحمت نہیں کی

کم جنوری سے مارچ تک 200 سے زائد افراد جاں بحق ہوچکے ہیں، جن میں 86 افراد ڈمپرز کے باعث ہلاک ہوئے، پریس کانفرنس

جب صوبائی اور وفاقی حکومتیں کراچی کے لیے کچھ نہیں کر رہیں تو شہر کو بااختیار شہری حکومت دی جانی چاہیے، امیر جماعت اسلامی کراچی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے کہا ہے کہ وزیراعظم کراچی آئے تو درجنوں گاڑیوں کے پروٹوکول کے ساتھ شہر کی سڑکوں پر گھومتے رہے، محکمہ کھلا ڈلا ہے، سائے کے بعد کراچی آنے کی زحمت محسوس نہیں کی گئی۔ ادارہ فوجرحق میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے منعم ظفر خان نے کہا کہ جب صوبائی اور وفاقی حکومتیں کراچی کے لیے کچھ نہیں کر رہیں ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 11

لاہور میں ریلوے انٹرچینج کے قریب تعمیراتی کام مقامی حکومت کی نگرانی میں تیزی سے جاری ہے

سونے کی قیمت میں مسلسل دوسرے روز بھی کمی

کراچی (ویب ڈیسک) مالی اور مقامی مارکیٹ میں سونے کی قیمت میں مسلسل دوسرے روز بھی کمی ہوگئی، مالی مارکیٹ میں 10 ڈالر کی کمی سے فی اونس سونا 4445 ڈالر پر آگیا جس کے سبب مقامی مارکیٹ میں سونا ایک ..... بقیہ صفحہ 24 نمبر 24

این ای ڈی میں داخلے کی تاریخ کا اعلان، سیٹوں میں بھی اضافہ

کراچی (ویب ڈیسک) این ای ڈی یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی نے نے تعلیمی سال 2026/2027 کے انڈرگریجویٹ کے طلبے میں داخلہ نشستوں میں 140 سیٹس کا اضافہ کردیا ہے۔ این ای ڈی یونیورسٹی کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق نئے تعلیمی سال کیلئے ..... بقیہ صفحہ 33 نمبر 33

سندھ ٹیکنیکل بورڈ رجسٹریشن کے ترمیمی شیڈول کا اعلان

کراچی (ویب ڈیسک) سندھ بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن نے تعلیمی سیشن 2025-26 ڈپلومہ اور خواتین کورسز کے لیے رجسٹریشن فارم جمع کرانے کا ترمیم شدہ شیڈول جاری کر دیا ہے۔ ترجمان ٹیکنیکل بورڈ ..... بقیہ صفحہ 14 نمبر 14

گلگت بلتستان اور خیبر پختونخوا میں 5.3 شدت کا زلزلہ

پشاور / گلگت (ویب ڈیسک) گلگت بلتستان اور خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں 5.3 شدت کے زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے جس کے باعث لوگ گھر چھوڑ کر باہر نکل آئے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 16

ایک کروڑ پچاس لاکھ خواتین بنیادی حقوق سے محروم

سال 2025 کے دوران سندھ میں 300 خواتین قتل

خواتین اور بچیوں کے خلاف تشدد کے 771 واقعات رپورٹ، 86 خواتین کو نام نہاد غیرت کے نام پر قتل کیا گیا

93 خواتین زیادتی کا نشانہ بنیں، 121 اغوا کے کیسز رپورٹ، 129 خواتین نے خودکشی کرلی، ہماری ویلفیئر کی رپورٹ

کراچی (ویب ڈیسک) ہماری ویلفیئر آرگنائزیشن کے تحت خواتین کے بین الاقوامی دن کی مناسبت سے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے ہادی وظہیر ایسوسی ایشن کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر اکرم خٹک نے کہا کہ رواں سال 2025 میں خواتین کے حوالے سے ہوشربا اعداد وشمار سامنے آئے ہیں جس کے مطابق سندھ کے دیہی علاقوں میں خواتین کی صورتحال تشویشناک حد تک سنگین ہو ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 17

خاتمے کی رپورٹ کے مطابق سال 2025 میں خواتین کے خلاف تشدد کے 771 واقعات رپورٹ ہوئے جن میں 86 خواتین کو غیرت کے نام پر قتل کیا گیا، 93 خواتین زیادتی کا نشانہ بنیں، 121 اغوا کے کیسز رپورٹ ہوئے، 129 خواتین نے خودکشی کرلی جبکہ 300 خواتین قتل ہوئیں، ایک کروڑ پچاس لاکھ خواتین بنیادی حقوق سے محروم ہیں ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 19

بلدیہ پولیس کی کارروائیاں، 3 ملزمان گرفتار، منشیات واسلحہ برآمد

پہلی کارروائی میں منشیات فروش مطلوب ولد عبدالجبار کو گرفتار کیا گیا

کراچی (ویب ڈیسک) کراچی کے ضلع کیماڑی کے علاقے قائد بلدیہ کی حدود میں پولیس نے 25 اور 26 مارچ 2026 کو مختلف خلاف مقدمہ نمبر 65/2026 تھانہ بلدیہ (2-9) سندھ کنٹرول آف نارکوٹک ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 9

امریکی ڈالر روپے کے مقابلے 280 کی حد عبور کرگیا

بڑی بین الاقوامی کرنسیوں نے بھی مقامی ویٹ کے مقابلے میں بلند قدریں ریکارڈ کیں

کراچی (ویب ڈیسک) انٹربینک کیپٹل ایسوسی ایشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق، پاکستانی روپیہ جمعہ کو امریکی ڈالر کے مقابلے میں کمزور ہوا، اور امریکی کرنسی نے اوپن مارکیٹ میں 280 کی اہم حد عبور کرلی۔ اوپن مارکیٹ ڈیلنگ میں گرین بیک کی خریداری PKR 279.46 اور فروخت 280.23 PKR رہی۔ انٹربینک مارکیٹ میں، امریکی ڈالر کی قدر قدرے کم رہی، اور دن کا اختتام PKR 279.17 کی خرید اور ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 23

پولیس اہلکار پر فائرنگ کرنے والا خطرناک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

گرفتار ملزم کو زخمی حالت میں علاج کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا، ملزم کے خلاف مقدمہ درج

کراچی (ویب ڈیسک) شرافہ کالا کے علاقے بغدادی میں پولیس نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے پولیس اہلکار پر فائرنگ میں ملوث ایک خطرناک ملزم کو مقابلے کے بعد زخمی حالت میں گرفتار کرلیا، ایس ایس پی سیف الدین سولنگی کے مطابق ..... بقیہ صفحہ 21 نمبر 21

بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کیخلاف کیس سماعت کیلئے مقرر

اسلام آباد (ویب ڈیسک) اسلام آباد ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کیخلاف 190 ملین پاؤنڈ کیس 31 مارچ کو سماعت کیلئے مقرر کردیا، رجسٹرار آفس نے بانی اور بشریٰ بی بی کیس کی کاز لسٹ جاری ..... بقیہ صفحہ 20 نمبر 20

شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ ندا یاسر نے خوشگوار ازدواجی زندگی کے راز سے پردہ اٹھادیا

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ و میزبان ندا یاسر نے خوش گوار ازدواجی زندگی کے راز سے پردہ اٹھا دیا۔ ندا یاسر نے انکشاف کرتے ہوئے بتایا کہ ان کی شادی کی مدت کا انکشاف کیا اور پروگرام میں شریک دیگر اداکاروں کے ساتھ اپنے تجربات شیئر کیے۔ ندا یاسر نے کہا کہ میں اس معاملے میں آپ سب سے ہی پروگرام میں ..... بقیہ صفحہ 19 نمبر 19

چالیس سال افغان بھائیوں کی خدمت کا اچھا صلہ نہیں ملا، سرفراز بگٹی

چیف منسٹر کی موجودگی میں کسی کو بھی پاکستان کو نقصان پہنچانے کی اجازت نہیں ہوگی

کوئٹہ (ویب ڈیسک) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ افغانستان ہمارا برادر ہمسایہ ملک ہے، اور گزشتہ پچاس سال سے افغان بھائیوں کی خدمت کی ہے، نام اس بھائی چارے کا مناسب معلوم نہیں ملا۔ کوئٹہ میں پاکستان ہیلتھ پارٹی کے جلسہ عام سے خطاب ..... بقیہ صفحہ 15

فخر زمان نصف سنچری کیساتھ پی ایس ایل کی تاریخ میں 3 ہزار رنز بنانے والے دوسرے بیٹر بن گئے

لاہور (ویب ڈیسک) پاکستان سپر لیگ فخر زمان اور اعزاز نے نام کرلیا۔ لاہور قلندرز کے اوپنر فخر زمان نے لیگ میں ڈبو کرنے والی ٹیم حیدرآباد کنگز کے خلاف 53 رنز کی اننگز کھیل کر ایک اور اعزاز اپنے نام کرلیا۔ لاہور قلندرز کے فخر زمان نے پی ایس ایل 11 کے پہلے میچ میں لاہور قلندرز حیدرآباد کنگز کے خلاف 53 رنز کی اننگز کھیل کر پی ایس ایل کی افتتاحی میچ میں 53 رنز بنائے، جس میں ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 18

خیبر پختونخوا کے وزیر خزانہ مزمل اسلم کی پیٹرولیم مصنوعات کی سپلائی صورتحال پر وفاقی وزرا کی تعریف

اسلام آباد (ویب ڈیسک) خیبر پختونخوا کے اور تعریف کی زبردست پیٹرولیم کی قیمتوں اور

وزیر خزانہ مزمل اسلم نے پیٹرولیم مصنوعات کی سپلائی سہ ماہی اصلاحات پر مشاورتی اجلاس ہوا۔ اس میں صورتحال پر وفاقی وزرا کو بریفنگ دی گئی۔ وزیر خزانہ سید مراد علی ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 5

گورنر سندھ نہال ہاشمی سے جاپان کے سفیر کی ملاقات

ثقافتی وفاقی تبادلے دونوں ممالک کے تعلقات کو مزید مستحکم بنائیں گے، گورنر سندھ

کراچی (ویب ڈیسک) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے جاپان کے سفیر اکاشا توشو ہیگی نے سینئر سیکریٹری ٹوموجاوی اور فرسٹ سیکریٹری میتوکو گورنر ہاؤس کراچی میں ملاقات کی۔ اس موقع پر فوکودا بھی موجود ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 4